
# مالٹا میں نوجوانوں اور والدین کے لئے

## سپورٹ سروسز



### 4.1: مالٹا میں نوجوانوں کے لئے کون سے معاون ادارے موجود ہیں؟

مائیگرنٹ لرنرز یونٹ کا دائرہ کار لازمی اسکول کی عمر والے طالب علم ہیں۔ تاہم متعدد این جی اوز، پوسٹ سیکنڈری اسکولوں اور دیگر سرکاری معاون اداروں کے ساتھ رابطہ قائم کرکے مزید رسائی کی پیشکش کی جاتی ہے۔ ذیل میں نوجوانوں کے ساتھ کام کرنے والی مالٹیز تنظیموں کی فہرست دی جا رہی ہے۔

#### 4.1.1: پرزمز مالٹا (Prisms Malta)

پرزمز مالٹا متعدد نوجوان کارکنوں پر مشتمل ہے جو دوسرے نوجوان لوگوں کو مختلف سروسز فراہم کرتے ہیں۔ ان خدمات کا اطلاق کوچنگ اور رہنمائی سے لے کر نوجوانوں کے آرام کرنے اور اپنے وقت سے لطف اندوز ہونے کے لئے سماجی سرگرمیوں تک ہوتا ہے۔ پرزمز مالٹا +Erasmus میں سرگرم عمل ہے اور اس طرح مالٹا میں رہنے والے نوجوانوں کو غیر ملکی ہم عمر نوجوانوں کے ساتھ بیرون ملک جانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

https://www.prismsmalta.com/

prisms.malta@gmail.com

Prisms Malta

Prisms Malta

+356 99044385

#### 4.1.2: یوتھ ایجنسی (Aġenzija Żgħażagħ)

ħagżaħgŻ enzijaġA نوجوانوں کو دوست بنانے، نئے طریقوں سے سیکھنے اور ہماری زنجنل یوتھ سروسز اور ہمارے وسیع پیمانے پر بااختیار بنانے کے پروگرام کے ذریعے ان کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لئے وقت اور جگہ فراہم کرتا ہے۔

نوجوانوں کی انٹرایکٹو انفارمیشن سروس کے ذریعے Aġenzija Żgħażagħ نوجوانوں کے لئے سروسز اور مواقع کے بارے معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کی زندگیوں پر اثر انداز ہونے والے مسائل پر ان کے خیالات کے بارے مواقع اور مشاورت پیش کرتے ہیں۔۔ یورو ڈیسک، یورپی یوتھ کارڈ اور یورپی یونین کے پروگراموں میں شرکت کے ذریعے نوجوانوں کو یورپ بھر میں رہنے، سیکھنے اور کام کی تلاش کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔

https://youth.gov.mt/

agenzija.zghazagh@gov.mt

Aġenzija Żgħażagħ

Aġenzija Żgħażagħ

### 4.1.3: ٹی ڈی ایم 2000 مالٹا (TDM2000 Malta)

ٹیرا ڈی میزو TERRA DI MEZZO (ٹی ڈی ایم) 2000 مالٹا ایک غیر منافع بخش، غیر سرکاری رضاکارانہ تنظیم ہے۔ ان کا بنیادی مقصد مواقع پیدا کرنا اور مقامی اور بین الاقوامی سطح پر معاشرے میں فعال ہونے کے لئے اپنے یوتھ اراکین کو اپنی مہارتوں کے فروغ میں مدد کرنا ہے۔ وہ باقاعدگی سے رضاکارانہ نوعیت کی متعدد سرگرمیوں کے انتظام اور میزبانی کے ذریعے اس مقصد کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان سرگرمیوں میں شامل ہیں؛

1) نوجوانوں کے متعدد تبادلوں کے لئے میزبانی کرنا یا بھیجنا، اقدامات کرنا اور تربیتی کورسز کی میزبانی کرنا

2) مالٹا میں مقامی خیراتی اداروں کے لئے فنڈ اکٹھا کرنے کی سرگرمیوں کے ذریعے خیراتی کام کرنا

http://tdm2000malta.org/

info@tdm2000malta.org

TDM2000 Malta

TDM2000 Malta

### 4.1.4: مالٹا کی اسکاؤٹ ایسوسی ایشن (The Scout Association of Malta)

1908 میں قائم ہونے والی اسکاؤٹ ایسوسی ایشن آف مالٹا نے ہمیشہ ایک اعلیٰ اور باعزت اسکاؤٹنگ روایت کو برقرار رکھا ہے۔ اس کے رہنما اور اراکین اسکاؤٹنگ کے نظریات کو ان نظریات کے مطابق آگے بڑھانے کے لئے پرعزم ہیں جو روایتی طور پر بانی لارڈ بیڈن پاول نے قائم کیے تھے جو ورلڈ اسکاؤٹ موومنٹ نے مزید ڈویلپ کئے ہیں۔ ایسوسی ایشن ایک آگے بڑھنے والی تنظیم ہے جسے مقامی اور بین الاقوامی سطح پر بہت عزت و احترام حاصل ہے۔

اسکاؤٹ ایسوسی ایشن آف مالٹا اسکاؤٹ موومنٹ کی عالمی تنظیم (ورلڈ آرگنائزیشن آف دی اسکاؤٹ موومنٹ) کا رکن ہونے کے ساتھ ساتھ یورپی اسکاؤٹ ریجن کی رکن بھی ہے۔

https://scouts.mt/about-us/

info@scouts.mt

https://www.facebook.com/MaltaScouts

### 4.1.5: مسکرانے کا حق (Right to Smile)

رائٹ ٹو سمائیل ایک غیر سرکاری تنظیم ہے جو رضاکاروں کو دنیا بھر میں بچوں، چھوٹے بچوں اور ان کی کمیونٹیز کے ساتھ سماجی منصوبوں میں مشغول ہونے کے مواقع فراہم کرتی ہے۔ رضاکار ان منصوبوں کو اپنا وقت، توانائی اور مہارتیں پیش کرتے ہیں۔ اس کے بدلے میں رضاکاروں کو مقامی ثقافت کے بارے جاننے اور ان منصوبوں میں مشغول ہونے کی خوشی سے لطف اندوز ہونے کا منفرد موقع ملتا ہے۔

رضاکار ہماری تنظیم کا دل ہیں۔ ہمارے منصوبوں کے لئے ان کی حمایت اور عزم کی بدولت ہی ہم کینیا، کمبوڈیا اور مالٹا کی کمیونٹیز کی مدد کرنے کے قابل ہیں۔

رائٹ ٹو سمائیل اپنے پارٹنرز اور رضاکاروں کے ساتھ دیرینہ تعلقات قائم کرنے کا عہد رکھتی ہے۔ جب بچے اور رضاکار اکٹھے ہوتے ہیں تو علم، اقدار اور مہارتوں کا ایک خوبصورت تبادلہ ہوتا ہے ، سب کے لئے تعلیم حاصل کرنے کا ایک منفرد موقع.

https://right2smile.com/

contact@rightosmile.org

https://www.facebook.com/right2smile

### 4.1.6: کارل ویلا فاؤنڈیشن (Karl Vella Foundation)

کارل ویلا فاؤنڈیشن (وی/او 0992) کا قیام کسی فیملی ممبر کی سنگین بیماری کی وجہ سے درہم برہم ہونے والے خاندان کے بچوں کو تعلیمی اور نفسیاتی امداد فراہم کرنے کے لئے عمل میں لایا گیا تھا۔ اکثر، ایسے حالات میں جب خاندان کا کوئی فرد شدید یا دائمی طور پر بیمار ہو جاتا ہے تو خاندان میں توجہ مکمل طور پر اس کی طرف منتقل ہو جاتی ہے۔ یہ ایک فطری بات ہے۔ خاندان کے دیگر افراد اس صورتحال کے سانچے میں ڈھل جاتے ہیں اور خاندان موجودہ حالات کا زیادہ سے زیادہ مقابلہ کرتا ہے۔

ان حالات میں اکثر بچوں کے ساتھ ایسا ہوتا ہے کہ ان کی دیکھ بھال کوئی رشتہ دار، دوست یا کوئی دوسرا شخص کرتا ہے جو ان خاندانوں کی مدد کے لئے آتا ہے۔ جس کا نتیجہ اکثر اوقات یہ نکلتا ہے کہ ان بچوں کی دیکھ بھال کو یقینی بنانے کے لئے کی جانے والی بہترین کوششوں کے باوجود یہ خود کو الگ تھلگ، بھلائے ہوے اور تنہا محسوس کرتے ہیں جبکہ اس میں والدین / سرپرست کی بالکل کوئی غلطی نہیں ہوتی۔

https://www.karlvellafoundation.org/index.html

info@karlvellafoundation.org

https://www.facebook.com/karlvellafoundation

Karl Vella
foundation

### 4.1.7: سینٹ جین اینتید فاؤنڈیشن (St Jeanne Antide Foundation)

سینٹ جین اینتید فاؤنڈیشن (ایس جے اے ایف) ایک رجسٹرڈ سماجی اور غیر منافع بخش تنظیم ہے۔ یہ سینٹ جین اینتید تھوریٹ کی سسٹرز آف چیرٹی کا سوشل کیئر سروسز کی شاخ ہے۔ اس کا اہم مقصد انتہائی کمزور افراد اور خاندانوں کو پیشہ ورانہ معاونت فراہم کرنا ہے جو زندگی کے بہت مشکل حالات کی وجہ سے تکلیف اٹھا رہے ہیں، جو غربت کی طرف سرک رہے ہیں اور سماجی طور پر خارج ہیں۔

فاؤنڈیشن کے کارکن سماجی طور پر خارج شدہ افراد، خاندانوں اور اقلیتی گروپوں کی مدد اور ان کو خود اختیار بنانے کے لئے ٹیمز کی شکل میں منظم طریقے سے پارٹنر شپ سے کام کرتے ہیں۔ فاؤنڈیشن کا مشن ان افراد اور خاندانوں کے لئے موجود ہونا ہے جنہیں کسی ایسے شخص کی ضرورت ہے جو ان کی بات ہمدردی کے ساتھ سن سکے،

انہیں مناسب موجودہ سپورٹ سروسز سے ملائے یا ان کی رہنمائی کر سکے، ان کے وقار کی بحالی میں ان کی مدد کر سکے اور انہیں خود انحصاری، بحالی اور ان کی صلاحیتوں کے حصول کی طرف رہنمائی کر سکے۔ ضرورت مند افراد کو مجموعی طور پر دیکھتے ہوئے فاؤنڈیشن کا مقصد ایسے افراد کی ہر طرح سے مدد کرنا ہے۔

https://www.antidemalta.org/about-us.html

info@antidemalta.org

https://www.facebook.com/SjafAntideCentre/?fref=ts

### 4.1.8:ایس او ایس مالٹا(SOS Malta)

ایس او ایس مالٹا ایک غیر سرکاری تنظیم ہے جو مالٹا میں اور بیرون ملک کام کرتی ہے۔ یہ تنظیم سماجی اور خیراتی نوعیت کے منصوبوں کے ذریعے تمام لوگوں کی مدد کرتی ہے اور غریبوں کو ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرتی ہے۔

ایس او ایس مالٹا ان لوگوں کو مدد فراہم کرتی ہی جو وقتی بحران کا سامنا کرتے ہیں اور بہتر معیار زندگی کو یقینی بنانے کے لئے اپنے ملک میں ترقی اور تبدیلی کو نافذ کرنے کے لئے سپورٹ سروسز اور مواقع فراہم کر کے انہیں با اختیار بناتی ہے۔

http://www.sosmalta.org/home?l=1

https://www.facebook.com/sosmaltapage

### 4.1.9: رچمونڈ فاؤنڈیشن (Richmond Foundation)

رچموند فاؤنڈیشن ذہنی صحت کے مسائل کا سامنا کرنے والے کسی بھی شخص اور ان کے ساتھ رہنے اور کام کرنے والے لوگوں کو ہر طرف سے مدد فراہم کرتی ہے۔ یہ تعلیم اور ذہنی تندرستی کے فروغ کے ذریعے اس بیماری کو ختم کرنے کے لئے پر عزم ہے۔ اس تنظیم کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ذہنی صحت کے مسائل والے افراد ایک ایسی کمیونٹی میں بھر پور زندگی گزاریں جو انہیں قبول کرتی ہو اور سمجھتی ہو۔

دیگر چیزوں کے علاوہ، رچمنڈ فاؤنڈیشن پیش کرتی ہے؛

- سپورٹ گروپ
- معاون زندگی
- نفسیاتی سپورٹ سروسز
- خاص طور پر بچوں کے لئے سپورٹ۔

https://www.richmond.org.mt/

info@richmond.org.mt

https://www.facebook.com/RichmondMalta

RICHMOND

رضاکار تنظیموں کی مکمل فہرست نیچے دیئے گئے لنک سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

https://education.gov.mt/en/vo_home/Pages/vo_list.aspx

### 4.2 مقامی اسکولوں میں جانے والے تارکین وطن بچوں کے والدین کو کس طرح کی سپورٹ فراہم کی جاتی ہے؟

مائیگرنٹ لرنرز یونٹ کی طرف سے فراہم کردہ سپورٹ رسمی اسکول کی تعلیم کے تقاضوں سے کہیں زیادہ ہے۔ بچوں اور ان کے خاندان کی فلاح و بہبود بھی انتہائی اہم ہے۔ یہ سپورٹ سماجی کارکن اور کمیونٹی رابطہ ورکرز (سی ایل ڈبلیو) کی مدد سے مائیگرانٹس لرنرز یونٹ کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے۔ اس گروپ کا مقصد نہ صرف لسانی سرحدوں بلکہ ثقافتی نقطہ نظر کی بنیاد پر بھی شمولیت کی حمایت کرنا ہے۔ سی ایل ڈبلیوز کا کردار اسکولوں، مقامی کمیونٹی اور والدین کے درمیان مواصلاتی چینل کے طور پر کام کرنا ہے۔ سی ایل ڈبلیوز خود تارکین وطن ہونے کی وجہ سے تارکین وطن خاندانوں کو درپیش مسائل کو بہتر طور پر سمجھتے ہیں۔ اس لئے ایم ایل یو باقی خاندانوں کو بھی شامل کرنا چاہتا ہے اور کمیونٹی کی فعال رکنیت کی حمایت کرنا چاہتا ہے۔

**دستبرداری:** یہ معلومات مالٹا کونسل فار دی وولنٹری سیکٹر کی ویب سائٹ سے حاصل کی گئی ہیں۔ (https://maltacvs.org/)